حیدرآباد، 15/نومبر (پریس نوٹ) سماج کے تئیں اپنی خدمات کے لیے صحافی انتہائی احترام کے حقدار ہیں۔ پیشہ صحافت نہایت ہی پُر خطر ہے۔ عمومی طور پر لوگ صحافیوں پر تنقید کر دیتے ہیں۔ لیکن انہیں فسادات اور سخت ترین حالات میں بھی اپنی ذمہ داری نبھانی پڑتی ہے۔ طلبہ کو فیلڈ رپورٹنگ سے روشناس کرانے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے آج شعبہ ترسیل عامہ وصحافت کے زیر اہتمام سہ روزہ بین الاقوامی کانفرنس ''اردو میڈیا: ماضی، حال اور مستقبل'' کے اختتامی اجلاس میں کیا۔ اس کانفرنس کا بنیادی مقصد اردو صحافت کے 200 سالہ جشن ''کاروانِ اردو صحافت'' کو یادگار بنانا ہے۔ پروفیسر احتشام احمد خان، ڈین اسکول برائے ترسیل عامہ وصحافت نے کانفرنس پر رپورٹ پیش کی۔ مہمانِ خصوصی پروفیسر شافع قدوائی نے کانفرنس میں پیش کیے گئے مقالوں کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی نمائندگی بھی مناسب تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی کانفرنسوں میں عمومی طور پر صحافت کے شاندار ماضی کا ذکر ہوتا ہے لیکن یہاں صحافت کے لوازمات پر بھی توجہ دلائی گئی۔ شمیم طارق نے کہا کہ اردو محض عاشقانہ ہی نہیں بلکہ انقلاب کی زبان بھی ہے۔ آزادی میں اردو صحافت کے رول کو سبھی جانتے ہیں۔ بال ٹھاکرے اپنے اخبار پر اردو کا مصرعہ ''جب توپ مقابل ہو تو اخبار نکالو'' لکھا کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف ذریعوں سے اردو کی الفاظ کو پسند کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ستیش جیکب نے کہا کہ اردو محبت کی زبان ہے۔ اردو صحافت نے ملک کو جوڑنے کا کام کیا ہے۔ ممتاز صحافی عزیز برنی نے اتنی بڑی کانفرنس کے انعقاد پر پروفیسر احتشام احمد اور ان کے رفقاء کی ستائش کی۔ انہوں نے صحافت کی نامور ہستیوں کو مدعو کرنے پر اسے سمندر کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف قرار دیا۔ انہوں نے سبرت رائے سہارا کو روزنامہ راشٹریہ سہارا اور ای ٹی وی جیسے چینل کے قیام کے لیے راموجی راؤ کا ذکر کیا اور ان کی صحافتی خدمات کی ستائش کی۔ انہوں نے عوامی نیوز اور مارننگ نیوز کا بھی ذکر کیا۔ عامر علی خان، مینجنگ ایڈیٹر سیاست نے کہا کہ اردو صحافت کو حالات سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ آج کل سرکاری اشتہارات کے باعث صحافیوں کو آزادی سے کام کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ دیگر زبانوں کے بہترین صحافیوں کو جو مسائل کی نشاندہی کرنے والے تھے کو نوکریاں چھوڑنے پر مجبور کیا گیا۔ جبکہ اردو میڈیا اس سے مبریٰ اور آزادی سے کام کرنے والا رہا ہے۔ کیوں کہ ویسے بھی اردو اخبارات وغیرہ کو سرکاری اشتہارات نہیں ملتے اور ان کے ایڈیٹر عام طور پر مالکان ہی ہوتے ہیں۔ قربان علی نے کہا کہ اردو صحافت کے 200 سال میں 125 سال نہایت تابناک رہے۔ اس دوران اس نے ملک کی آزادی میں نہایت اہم رول ادا کیا۔ لیکن آزادی کے بعد اسے پاکستان میں سرکاری زبان بنا دیا گیا جبکہ وہاں پر بہت کم لوگ اس سے واقف تھے اور یہاں پر اسے نظر انداز کر دیا گیا۔ ممتاز اینکر امتیاز خلیل نے کہا کہ اردو صحافت کو سرکاری طور پر فائدہ حاصل نہیں ہوا لیکن یہ ہندوستان میں آزادی کے ذریعہ اپنی سرکار کے قیام میں معاون رہی۔ آزادی کے بعد اسے نظر انداز کر دیا گیا۔ لیکن اردو صحافت نے باوجود مسائل کے مسلمانوں کے آنسو پونچھنے کا کام کیا۔ ڈاکٹر آنند راج ورما نے کہا کہ اردو ان کی محسن زبان ہے۔ انہوں نے اردو صحافیوں کو انگریزی اور ریاستی زبانیں سیکھنے کا مشورہ دیا۔ جامع حبیب نے کہا کہ اردو صحافت میں عمومی طور پر مسلمانوں کی صحافت نظر آتی ہے۔ ہمیں دیگر مسائل جیسے معاشی، سماجی، دلتوں کے مسائل پر بھی توجہ دینی چاہیے تا کہ ہمارا موضوعات وسیع ہوں اور قارئین وناظرین کی تعداد میں اضافہ ہو۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر محمد فریاد، صدر شعبۂ ایم سی جے نے کارروائی چلائی۔ کانفرنس کے دوران دو ڈرامے پیش کیے گئے۔ کاروانِ اردو صحافت کے میں ویڈیو میکنگ مقابلہ میں جملہ 200 ویڈیوز موصول ہوئے ہیں۔

باباشریف' یادادری بھونگیر میونسپل کونسلرس کے ضلعی صدر منتخب

بھونگیر۔15 نومبر (پریس نوٹ) تلنگانہ میونسپل کونسلرس کے ریاستی صدر راملو نائک نے چوٹ اپل میونسپل کے وارڈ نمبر 20 سے حکمراں ٹی آر ایس کے کونسلر باباشریف کو ان کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں یادادری بھونگیر میونسپل کونسلرس کا ضلعی صدر مقرر کیا ہے۔ راملو نائک نے کہا کہ باباشریف سخت محنتی اور عوامی خدمت گزار ہیں جس کی وجہ سے انہیں اس عہدہ پر فائز کیا گیا ہے۔ اس موقع پر گولڈن یوتھ اور علی فاونڈیشن کی جانب سے باباشریف کو تہنیت پیش کی گئی۔ تہنیتی تقریب میں یوتھ پریسڈنٹ رفیق' شفاعت علی' شریف' چھوٹے بھائی' ابراہیم' مشیر' ضمیر' لیاقت علی' سرفراز' افسر' فیاض' اسماعیل' لطیف اور دیگر موجود تھے۔

مسلم جنرل ہاسپٹل وادی ھدی میں سہ روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

حیدرآباد 15 نومبر (راست) مسلم جنرل ہاسپٹل وادی ھدی پر عالمی یوم ذیابیطس و یوم اطفال کے موقع پر سہ روزہ فری ہیلتھ کیمپ کا انعقاد کیا گیا جسکا افتتاح بدست کے۔کرن کمار سرکل انسپکٹر پہاڑی شریف پولیس اسٹیشن عمل میں آیا۔ اس کیمپ میں ذیابیطس (شوگر) کے مریضوں، گائینک (خواتین) کے امراض اور پیڈیاٹریک (بچوں) کے امراض کا مفت معائنہ رہیگا، شوگر کے مریضوں کیلئے لیاب ٹسٹس PLBSFBS, اور RBS بالکل مفت رہیں گے اسکے علاوہ دیگر ٹسٹس جیسے تھارائیڈ پروفائل، LIPID پروفائل اور HBA1C پر 50 فیصد کی رعایت رہیگی اور ماسٹر ہیلتھ پیکیج -2 جس میں 7500 روپئے کے لیاب ٹسٹس صرف 1500 روپئے میں کیئے جائینگے۔ یادرہے کہ یہ کیمپ 14، 15 اور 16 نومبر 2022 صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے تک رہے گا۔ افتتاح کے بعد مہمان خصوصی جناب کے کرن کمار نے ہاسپٹل کا دورہ کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ہاسپٹل کی خدمات کو سراہایا اور کہا کہ اس طرح کے ہاسپٹل جو کہ بالکل رعایتی قیمت پر چلائے جارہے ہیں یہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس طرح کے ہاسپٹل ہر علاقے میں ہونے چاہیے۔ سرکل انسپکٹر صاحب ہاسپٹل کی خاص طور پر صفائی وستھرائی کی تعریف کی اور کہا کہ ایسا محسوس ہو رہا ہیکہ مسلم جنرل ہاسپٹل ایک کارپوریٹ ہاسپٹل سے کم نہیں پھر سرکل نے اپنا خود کا ماسٹر ہیلتھ ٹسٹ کروایا۔ اس موقع پر ڈاکٹر مصباح الدین ایڈمنسٹریٹر مسلم جنرل ہاسپٹل نے سرکل انسپکٹر کو گلدستہ پیش کیا۔ برادر اقبال رضوی PRO مسلم جنرل ہاسپٹل نے مہمان اور تمام اسٹاف کا شکریہ ادا کیا۔ ڈاکٹر سمیع مارکیٹنگ منیجر بھی موجود تھے۔

صحراء حجاز میں اردو کی مہک' اردو اکیڈمی جدہ کا 22 واں جشن یوم قومی تعلیم

اردو کو زندہ رکھنا ہو تو اپنی اولاد کو مادری زبان اردو سے آراستہ کیجئے' قونصل جنرل ہند برائے سعودی عرب کا خطاب

جدہ: 15/ نومبر (ای میل) اردو اکیڈمی جدہ کی جانب سے بھارت رتن، آزاد ہندوستان کے پہلے وزیر تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد کے یوم پیدائش پر روایتی سالانہ پروگرام 22 واں یوم قومی تعلیم قونصل خانہ ہند کے احاطے میں بڑے ہی تزک واحتشام سے منعقد کیا گیا باب الداخلہ پر قدرت نواز بیگ اردو اکیڈمی جدہ نے، شرکاء تقریب جس میں ہندوستان کے معروف شاعر و مہمان اعزازی حلیم بابر کے علاوہ مدارس کے اساتذہ طلبہ ان کے اولیا اور مختلف انجمنوں کے ذمہ داران وشعراء کرام کا خوش دلی وگرم جوشی سے استقبال کیا۔ شریک مقابلہ کا رجسٹریشن سراج النساء کر رہی تھیں۔ دیکھتے دیکھتے قونصل خانے کا وسیع وعریض احاطہ پر ہونے لگا۔ شہ نشین پر بیچ و بیچ مولانا ابوالکلام آزاد اور دیگر مجاہدین آزادی کی تصاویر سے مزین خوبصورت بینر لگایا گیا تھا ایک طرف پوڈیم اور مائک رکھا گیا تھا۔ اس پرشکوہ تقریب کے مرکزی ناظم اسلم افغانی نے مائک سنبھالا اور نظامت کی شروعات حافظ و قاری محمد ذیشان علی کی تلاوت کلام پاک سے کی اس کے بعد سید خالد محمد حسین مدنی نے سرور کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ رسالت میں نعت شریف کا نذرانہ پیش کیا۔ اس کے بعد کمسن طالب علم سید ایان الدین احمد قادری نے اردو نظم پیش کی جسے سامعین نے بہت پسند کیا۔ اردو تقریری مقابلوں کے آغاز کے لئے ڈائس پر ایک ہونہار طالب علم ابھرتے ہوئے ناظم سید نبید الدین کے حوالے کیا گیا جنہوں نے خوبصورت نظامت کرتے ہوئے پائے تکمیل کو پہنچایا۔ تقریروں میں حصہ لینے والے طلبا و طالبات کے نام اس طرح تھے: انٹرنیشنل انڈین اسکول جدہ سے ارحم اجلال۔ الفلاح ڈی پی ایس اسکول جدہ سے محمد فرقان فہیم, فلک جیلان دوحہ العلوم اسکول جدہ سے محمد عباد اللہ، الحاج محمد انور جدہ اہداب انٹرنیشنل اسکول سے پرنس محمد رمضان، المواریدانٹرنیشنل اسکول سے نمیرہ خان نے حصہ لیا۔ ایک کے بعد دیگرے ہر مقرر کا اپنا موضوع تھا۔ مجاہدین آزادی ٹیپو سلطان، نیتاجی سبھاش چندر بوس۔ سرسید احمد خان وعلی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا قیام، ملک کی ناخواندگی کو دور کرنے میں اردو مدارس کا حصہ، جدوجہد آزادی میں اردو صحافت کا رول ناقابل فراموش۔ جیسے موضوعات تھے جس میں مولانا کے مختلف روپ وجہتیں تھیں۔ مولانا ابوالکلام آزاد نے علم اور اسکی کاوشوں کے فروغ میں جو کردار ادا کیا وہ ناقابل فراموش ہے۔ اسی ڈگر پر چلتے ہوئے اردو اکیڈمی جدہ 22 سال سے یہ تقریب منعقد کرتی چلی آرہی ہے تا کہ نسل نو اپنے اجداد کی قربانیوں اور کارناموں سے روشناس ہوں۔ عزت مآب محمد شاہد عالم قونصل جنرل ہند جدہ کی آمد پر انکا استقبال گلدستوں کے نظرانہ سے معصوم گلاب چہرہ محمد مصعب نے کیا۔ پروگرام کا دوسرے مرحلہ کے لئے قونصل جنرل کا صدر اردو اکیڈمی جدہ، حافظ محمد عبدالسلام، نائب صدر سید خالد محمد حسین مدنی اور معتمد سید نعیم الدین صاحبان نے اسٹیج پر استقبال کیا اور مشاعرے قدیم کی ادبی روایت کو زندہ کرتے ہوئے شمع جلا کر تمثیلی مشاعرے کا آغاز کیا۔

مفت آرتھو پیڈک کیمپ کا انعقاد

حیدرآباد 15 ومبر (راست) الخیر رسول پورہ سنٹر کی جانب سے مفت آرتھو پیڈک کیمپ کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ سو سے زائد مریضوں نے اس کیمپ سے استفادہ کیا اور ان کی مفت تشخیص کی گئی اور ساتھ ہی مفت دوائیں تقسیم کی گئیں۔ ڈاکٹر سیف الحق امانی (یو کے) نے مریضوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ بعض مریضوں کو کمر، ہاتھ، پیروں او رگھنٹوں کے بیلٹ کے استعمال مشورہ دیا گیا۔ ان مریضوں کو عنقریب یہ تمام بیلٹس الخیر سوسائٹی کی جانب سے مفت فراہم کیے جائیں گے۔ اس موقع پر الخیر سوسائٹی رسول پورہ کے ذمہ داران فاروق علی اور حزب الرحمٰن موجود تھے۔ اندراماں نگر رسول پورہ، بیگم پیٹ اور اطراف واکناف کے عوام نے کثیر تعداد میں اس کیمپ سے استفادہ کیا۔

محبوب نگر ضلع کانگریس دفتر میں آنجہانی جواہر لال نہرو جینتی کا انعقاد

محبوب نگر 15 نومبر (آداب تلنگانہ) سابق وزیر اعظم آنجہانی جواہر لال نہرو کی یوم پیدائش پیر کو ضلع مرکز میں واقع کانگریس پارٹی دفتر میں منائی گئی۔ اس موقع پر کانگریسی قائدین نے نہرو کی تصویر پر پھول چڑھا کر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے قائدین نے یاد دلایا کہ نہرو نے بحیثیت وزیر اعظم ملک کی ترقی کے لیے بہت سے پروگرام بنائے تھے۔ نہرو نے سب پر زور دیا تھا کہ وہ اپنے عزائم کو آگے بڑھائیں۔ پروگرام میں ٹاؤن کانگریس کے صدر لکشمن یادو، ضلع اقلیتی سیکشن کے صدر ظہیر اختر، ضلع ایس سی سیل کے صدر سائی بابا، قائدین محمد فیاض، فقیر احمد اور دیگر نے شرکت کی۔

محمد عبدالجبار سبحانی کو بہترین ملازم کا ایوارڈ

جنگاؤں 15 نومبر (آداب تلنگانہ نیوز) تلنگانہ اسٹیٹ آل مینارٹی ایمپلائز ویلفیئر ایسوسی ایشن کی جانب سے محمد عبدالجبار سبحانی ہیلتھ سپروائزر پرائمری ہیلتھ سنٹر بچنا پیٹ ولد الحاج محمد عبدالغفار مرحوم موضع سلاخ پور کو بہترین کارکردگی کی اساس پر ریاستی سطح کا بیسٹ ایمپلاء ایوارڈ رویندرا بھارتی میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران آل میوا کے ذمہ دار قائدین نے پیش کرتے ہوئے شال پوشی کی۔ محمد عبدالجبار سبحانی صدر جامع مسجد کمیٹی سلاخ پور انتہائی حرکیاتی اور متحرک مسلم نوجوان قائد ہیں۔ مختلف انجمنوں اور اداروں سے وابستہ رہ کر بے لوث خدمات انجام دیا کرتے ہیں۔ محمد عبدالجبار سبحانی کو ریاستی سطح کا بہترین ملازم ایوارڈ ملنے پر الحاج محمد ابوالفتح فضل اللہ انٹرمیڈیٹ آفیسر موظف، الحاج محمد عابدالدین ریٹائرڈ سرکل انسپکٹر، محمد عبدالباری، محمد عبدالستار پولیس ڈپارٹمنٹ، محمد صابر نائب صدر کمیٹی، ڈاکٹر محمد عبدالسلیم میڈیکل آفیسر، محمد عبدالکریم پولیس ڈپارٹمنٹ، محمد عبدالعزیز شارجہ، محمد عبدالقادر سلاخ پور اور دیگر نے مبارکباد دے کر اپنی نیک توقعات کو وابستہ کیا۔

کھیل کے میدان سے

کیرون پولارڈ آئی پی ایل سے ریٹائر، ممبئی انڈینز کے بیٹنگ کوچ مقرر

ممبئی، 15 نومبر (یو این آئی) اپنے لمبے چھکوں سے شائقین کو دنگ کرنے والے ممبئی انڈینز کے آل راؤنڈر کیرون پولارڈ نے آئی پی ایل سے ریٹائرمنٹ لے لی ہے۔ پولارڈ نے ممبئی انڈینز کے لیے کھیلتے ہوئے پورے 13 سیزن تک آئی پی ایل کے ناظرین کو محظوظ کیا۔ پولارڈ جو 'پولی' کے نام سے مشہور ہیں، 2010 سے ممبئی انڈینز کے لیے کھیل رہے ہیں، اور ریٹائرمنٹ کے بعد بھی ٹیم کے ساتھ بیٹنگ کوچ کے طور پر منسلک رہیں گے۔ پولارڈ نے ممبئی انڈینز کے ساتھ کھیلتے ہوئے 5 آئی پی ایل اور 2 چیمپئنز لیگ کی ٹرافی جیتی۔ آئی پی ایل سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کرنے کے بعد کیرون پولارڈ نے کہا، "یہ آسان نہیں تھا، لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ممبئی انڈینز کو ایک تبدیلی کی ضرورت ہے۔ میں ایم آئی کے خلاف نہیں کھیل سکتا کیونکہ ایک بار جب آپ ایم آئی کھیلتے ہیں تو آپ ہمیشہ ایم آئی میں ہوتے ہیں۔ میں گزشتہ 13 سیزن میں آئی پی ایل کی سب سے بڑی اور کامیاب ٹیم کی نمائندگی کرنے پر انتہائی فخر اور اعزاز محسوس کر رہا ہوں۔ میں مکیش، نیتا اور آکاش امبانی کا ان کی زبردست محبت، حمایت اور احترام کے لیے شکر گزار ہوں۔ نیتا ایم امبانی نے کہا، پولارڈ نے ایم آئی کی کامیابی میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ وہ چیمپئنز لیگ ٹرافی اور تمام 5 آئی پی ایل جیتنے والی ٹیموں کا حصہ رہے ہیں۔ ان کا جادوئی کھیل اب آئی پی ایل کے میدانوں پر نظر نہیں آئے گا، لیکن میں خوشی ہوگی کہ وہ ایم آئی ایمریٹس کے لیے کھیلنا جاری رکھیں گے اور ایم آئی کے بیٹنگ کوچ کے طور پر نوجوان کھلاڑیوں کی سرپرستی کریں گے۔ میں ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتی ہوں! ''پولارڈ کی ریٹائرمنٹ پر آکاش امبانی نے کہا، "پولی نے ممبئی انڈینز کے بہترین کھلاڑیوں میں سے ایک کے طور پر ایک نشان چھوڑا ہے۔ جب بھی وہ میدان میں اترے، مداحوں کے چہرے کھل اٹھے۔ جذبے کے ساتھ کرکٹ۔ مجھے خوشی ہے کہ پولی ممبئی انڈینز کے بیٹنگ کوچ اور ایم آئی ایمریٹس کے کھلاڑی کے طور پر ایم آئی فیملی کا حصہ بنے رہیں گے۔ ممبئی انڈینز، وانکھیڑے اسٹیڈیم اور پلٹن میدان میں ان کی کمی محسوس کریں گے۔ کیرون پولارڈ نے 211 میچ (IPL+CLT20) کھیلے، جس میں انہوں نے 147 کے اسٹرائیک ریٹ سے 3915 رنز بنائے۔ مڈل آرڈر میں کھیلنے کے باوجود وہ 3412 رنز کے ساتھ آئی پی ایل میں سب سے زیادہ رنز بنانے والوں کی فہرست میں 18 ویں نمبر پر ہیں۔ بیٹنگ کے ساتھ ساتھ وہ ایک اچھا باؤلر بھی ہے خاص طور پر جب ٹیم کو وکٹ کی سب سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے آئی پی ایل میں 69 وکٹیں حاصل کیں جو انہیں ایک اچھا آل راؤنڈر ثابت کرنے کے لیے کافی ہے۔ وہ میدان میں ایک بہترین فیلڈر تھے، آئی پی ایل میں 103 کیچ لے کر انہوں نے کئی میچوں کا رخ بدل دیا۔

فیفا ورلڈ کپ کی میزبانی پر تنقید

''قطر اپنے مخالفین کے زخموں پر نمک چھڑکتا رہے گا''

دوحہ، 15 نومبر (یو این آئی) قطر میں 20 نومبر 2022 سے شروع ہونے والے فیفا ورلڈ کپ کی میزبانی پر قطر کو تنقید کا نشانہ بنائے جانے کے بعد قطر کے حکام نے کہا ہے کہ قطر اپنے مخالفین کے زخموں پر نمک چھڑکتا رہے گا۔ بین الاقوامی ویب سائٹ کے مطابق قطر ایئرویز کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اکبر الباکر نے قطر میں فیفا ورلڈ کپ کی میزبانی کی مخالفت اور اس پر تنقید کرنے والوں کے خلاف سخت بیان دیا ہے۔ اکبر الباکر نے کہا ہے قطری قوم ہمیشہ اپنے مخالفین کے زخموں پر نمک چھڑکتی رہے گی۔ ان کے اس بیان سے ظاہر ہو رہا ہے کہ جیسے جیسے فیفا ورلڈ کپ کا ایونٹ نزدیک آرہا ہے، ویسے ویسے اس موضوع کے متنازعہ ہونے اور اس بارے میں اختلافات کے آثار نمایاں ہوتے جارہے ہیں۔ اس حوالے سے چند ممالک اور فٹ بال ٹیموں کی طرف سے ایل جی بی ٹی کیو کے حقوق کے بارے میں قطر کے مؤقف اور کم تنخواہوں پر بڑی تعداد میں کام کرنے والے تارکین وطن کے ساتھ سلوک جیسے امور پر تشویش کا اظہار پہلے ہی کیا جاچکا ہے۔ قطری حکام، جس وقت قطر کے حماد ہوائی اڈے کی توسیع کی نقاب کشائی کر رہے تھے، اسی وقت الباکر نے ایک نقطے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہم ہمیشہ اپنے مدمقابل کے زخموں پر نمک چھڑکتے ہیں۔ الباکر کا مزید کہنا تھا کہ ہمارے مخالفین ہمارے پیارے ملک کے خلاف منفی میڈیا مہم چلا رہے ہیں کیونکہ لوگ اس حقیقت کو تسلیم نہیں کرنا چاہتے کہ قطر جیسا ایک چھوٹا سا ملک، سب سے بڑے اسپورٹس ایونٹ فیفا ورلڈ کپ کی میزبانی کا مقابلہ جیت گیا۔ انہوں نے فیفا ورلڈ کپ کے ایونٹ کے لیے اپنے ملک میں کی جانی والی تیاریوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے اس بڑے ایونٹ کے لیے تمام تر ضروری چیزوں کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے، ان میں اضافی فلائٹس اور چارٹرڈ طیاروں کے مدد سے دونوں ہوائی اڈوں پر زیادہ سے زیادہ پروازوں کا بندوبست بھی شامل ہے۔ ان کے مطابق اس لحاظ سے ہم بہت اچھی طرح سے اپنی تمام تر تیاریاں کر چکے ہیں۔

نوجوان فٹبالر کی علاج میں کوتاہی کے باعث موت

چنئی، 15 نومبر (یو این آئی) تمل ناڈو میں ایک نوجوان فٹ بال کھلاڑی کی منگل کو اعضاء کی خرابی کی وجہ سے موت ہوگئی۔ کھلاڑی ایک ہفتے سے گورنمنٹ پیری فیرل ہسپتال میں زیر علاج تھی اور سرجری کے دوران پیچیدگیوں کے باعث اپنی دائیں ٹانگ سے محروم ہوگئی تھی۔ تمل ناڈو کے وزیر صحت ایم اے سبرامنیم نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ پریا (17) جو کہ ایک کالج کی طالبہ اور ایک فٹ بال کھلاڑی ہے، نے 7 نومبر کو پیریار نگر میں سرکاری پیریفیرل میں اپنے دائیں گھٹنے کے آرتھروسکوپک لگمنٹ کا علاج کروائی تھی۔ سرجری میں پیچیدگیوں کی وجہ سے اس کی دائیں ٹانگ کو کاٹنا پڑا، جس کے بعد پریا کو جدید ترین علاج کے لیے راجیو گاندھی گورنمنٹ جنرل ہسپتال (آر جی جی جی ایچ) منتقل کیا گیا۔ پریا کا منگل کی صبح متعدد اعضاء کی خرابی کے بعد انتقال ہوگیا۔ سبرامنیم نے کہا کہ گورنمنٹ پیریفرل ہسپتال کے دو ڈاکٹروں کو ہیلتھ لاپروائی کے الزام میں زیر تفتیش رکھا گیا ہے۔ وہ پیچیدگیوں کی رپورٹ پہلے ہی بھجوا چکے ہیں جس کی تصدیق غفلت کی تحقیقات کے لیے بنائی گئی ہیلتھ کمیٹی کی رپورٹ میں بھی ہوئی ہے۔ سبرامنیم نے کہا کہ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے اور مجرموں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔ وزیر صحت نے مرنے والوں کے لواحقین کو 10 لاکھ روپے اور متوفی کے بھائی کو سرکاری نوکری دینے کا اعلان کیا ہے۔

نیوزی لینڈ اور ہندوستان کے درمیان سیریز سے بولٹ اور گپٹل ٹیم سے باہر

کرائسٹ چرچ، 15 نومبر (یو این آئی) نیوزی لینڈ نے نئے دور میں داخلے کا اشارہ دیتے ہوئے تجربہ کار اوپنر مارٹن گپٹل اور تیز گیند باز ٹرینٹ بولٹ کو ہندوستان کے خلاف محدود اوورز کی سیریز کے لیے ٹیم میں شامل نہیں کیا ہے۔ نیوزی لینڈ کرکٹ (این زیڈ سی) نے منگل کو تین ٹی 20 اور تین ایک روزہ میچوں کے لیے ٹیم کا اعلان کرتے ہوئے بتایا کہ کین ولیمسن بلیک کیپس کی قیادت کریں گے۔ گپٹل کی جگہ فن ایلن کو بطور اوپنر 15 رکنی اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ ایلن نے حال ہی میں ختم ہونے والے ٹی 20 ورلڈ کپ 2022 میں بھی نیوزی لینڈ کے لیے اوپنر کا کردار ادا کیا تھا اور اب وہ ون ڈے ٹیم میں بھی مین اوپنر کا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ دوسری جانب بولٹ کو اس سال کے شروع میں اپنے خاندان کے ساتھ زیادہ وقت گزارنے اور دنیا بھر کی ڈومیسٹک لیگز پر توجہ دینے کے لیے نیوزی لینڈ کرکٹ کے ساتھ اپنا معاہدہ توڑنے کا فیصلہ کرنے کے بعد انہیں ٹیم میں جگہ نہیں دی گئی۔ نیوزی لینڈ کے کوچ گیری اسٹیڈ نے کہا کہ بولٹ اور گپٹل کو ٹیم سے باہر رکھنے کا فیصلہ مشکل تھا۔ اسٹیڈ نے کہا، "جب ٹرینٹ نے اگست میں اپنے این زیڈ سی معاہدے کو توڑنے کا فیصلہ کیا، تو ہم نے اشارہ دیا کہ ان کھلاڑیوں کو ترجیح دی جائے گی جن کے سینٹرل یا ڈومیسٹک کنٹریکٹ ہیں، اور یہاں ایسا ہی ہوا۔" انہوں نے کہا، "ہم سب ٹرینٹ کی عالمی سطح کی صلاحیت کو جانتے ہیں، لیکن اس وقت جیسے جیسے ہم مزید عالمی انعقادات کی طرف بڑھ رہے ہیں، ہم دوسروں کو موقع اور تجربہ دینا چاہتے ہیں۔ محدود اوورز کے کرکٹ میں ٹاپ آرڈر میں فن کے ابھرنے اور کامیابی کا مطلب ہے کہ مارٹن گپٹل کی کلاس کا کوئی کھلاڑی ٹیم میں جگہ نہیں بنا سکے گا۔ یہ ایک اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھیل کی نوعیت ہے۔" قابل ذکر ہے کہ ہندوستان میں منعقد ہونے والے ایک روزہ ورلڈ کپ 2023 میں ایک سال سے بھی کم وقت باقی ہے۔ کیویز 2019 ایونٹ کے سنسنی خیز فائنل میں شکست کے بعد دوسرے نمبر پر رہے لیکن اس بار وہ ٹرافی اٹھانا چاہیں گے۔ ورلڈ کپ کے منصوبوں پر، اسٹیڈ نے کہا، "ون ڈے ورلڈ کپ میں ایک سال سے بھی کم وقت باقی ہے اور ہم فن کو اوڈی آئی کا تجربہ حاصل کرنے کا ہر موقع دینا چاہتے ہیں، خاص طور پر ہندوستان جیسے اچھے حریف کے خلاف۔ ان دونوں کھلاڑیوں کے لیے پیغام یہ ہے کہ آگے بہت سارا بین الاقوامی کرکٹ ہے اور یقینی طور پر ان کے لیے دروازے بند نہیں ہیں۔ ہندوستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان ٹی ٹوئنٹی سیریز کا آغاز 18 نومبر سے ہو رہا ہے جبکہ تین ایک روزہ میچوں کی سیریز 25 نومبر سے کھیلی جائے گی۔ ہاردک پانڈیا ٹی 20 سیریز میں ہندوستانی ٹیم کی قیادت کریں گے، جبکہ ایک روزہ سیریز کے لئے شکھر دھون ہندوستان کی کمان سنبھالیں گے۔ اس دورے میں وراٹ کوہلی، روہت شرما اور کے ایل راہل جیسے سینئر کھلاڑیوں کو آرام دیا گیا ہے۔ نیوزی لینڈ ٹی ٹوئنٹی ٹیم میں کین ولیمسن (کپتان) ہیں اور فن ایلن، مائیکل بریسویل، ڈیون کونوے، لوکی فرگوسن، ڈیرل مچل، ایڈم ملنے، جمی نیشم، گلین فلپس، مچل سینٹنر، ایش سودھی، ٹم ساؤتھی، بلیئر ٹکنر ٹیم کا حصہ ہیں۔ نیوزی لینڈ ون ڈے اسکواڈ: کین ولیمسن (کپتان) فن ایلن، مائیکل بریسویل، ڈیون کونوے، لوکی فرگوسن، میٹ ہنری، ٹام لیتھم، ڈیرل مچل، ایڈم ملنے، جمی نیشم، گلین فلپس، مچل سینٹنر، ٹم ساؤتھی۔ ہندوستانی ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ: ہاردک پانڈیا (کپتان)، شبھمن گل، ایشان کشن، دیپک ہڈا، سوریہ کمار یادو، شریاس آئیر، رشبھ پنت (نائب کپتان اور وکٹ کیپر)، سنجو سیمسن (وکٹ کیپر)، واشنگٹن سندر، یزویندر چہل، کلدیپ یادو، ارشدیپ سنگھ، ہرشل پٹیل، محمد سراج، بھونیشور کمار، عمران ملک۔ ہندوستان کی ون ڈے

وہ کرے بات تو ہر لفظ سے خوشبو آئے ✻ ایسی بولی وہی بولے جسے اردو آئے
آپ کا ترجمان' آپ ہی کی آواز
روزنامہ آداب تلنگانہ حیدرآباد
AADAB TELANGANA URDU DAILY HYDERABAD
روزانہ آن لائن اخبار پڑھنے کیلئے اسکان کریں
قارئین آپ کی خدمت میں پیش ہے' آپ کا اپنا اخبار ''آداب تلنگانہ'' کا سنڈے ایڈیشن
اپنے ہاکر سے روزنامہ ''آداب تلنگانہ'' کا سنڈے ایڈیشن طلب کیجئے
اگر آپ سیدھے اپنے گھر پر اخبار منگوانا چاہتے ہیں تو اس نمبر پر
8309579334 کال کریں یا واٹس ایپ میسج کریں
سنڈے ایڈیشن

آداب کلاسیفائیڈ
◆ قابل ملازمین کی تلاش ہے۔ ◆ مکان فروخت کرنا ہے۔ ◆ مکان کرایہ پر دینا ہے۔
◆ اچھے رشتوں کی تلاش ◆ گاڑیاں فروخت کرنی ہیں یا خریدنی ہیں۔
آداب تلنگانہ کے کلاسیفائیڈ اشتہارات سے استفادہ کیجئے۔
رابطہ کریں۔ 7013732646
ای میل: aadabtgadvt@gmail.com

روزنامہ
بے زبانوں کی زبان
صدائے حسینی
Sada-E-Hussaini
URDU DAILY

سماج کے تئیں اپنی خدمات کیلئے صحافی انتہائی قابل احترام: پروفیسر عین الحسن

مانو میں صحافت کے دوسوسالہ جشن ’’کاروان اردو صحافت‘‘ کا بین الاقوامی کانفرنس کے ساتھ اختتام

حیدرآباد، 15 رنومبر (پریس نوٹ) سماج کے تئیں اپنی خدمات کے لیے صحافی انتہائی احترام کے حقدار ہیں۔ پیشہ صحافت نہایت ہی پُر خطر ہے۔ عمومی طور پر لوگ صحافیوں پر تنقید کردیتے ہیں۔ لیکن انہیں فسادات اور سخت ترین حالات میں بھی اپنی ذمہ داری نبھانی پڑتی ہے۔ طلبہ کو فیلڈ رپورٹنگ سے روشناس کرانے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے آج شعبہ ترسیل عامہ وصحافت کے زیر اہتمام سہ روزہ بین الاقوامی کانفرنس ’’اردو میڈیا: ماضی، حال اور مستقبل‘‘ کے اختتامی اجلاس میں کیا۔ اس کانفرنس کا بنیادی مقصد اردو صحافت کے 200 سالہ جشن ’’کاروانِ اردو صحافت‘‘ کو یادگار بنانا ہے۔ پروفیسر احتشام احمد خان، ڈین اسکول برائے ترسیل عامہ وصحافت نے کانفرنس پر رپورٹ پیش کی۔ مہمانِ خصوصی پروفیسر شافع قدوائی نے کانفرنس میں پیش کیے گئے مقالوں کا ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کی نمائندگی بھی مناسب تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی کانفرنسوں میں عموی طور پر صحافت کے شاندار ماضی کا ذکر ہوتا ہے لیکن یہاں صحافت کے لوازمات پر بھی توجہ دلائی گئی۔ شمیم طارق نے کہا کہ اردو محض عاشقانہ ہی نہیں بلکہ انقلاب کی زبان بھی ہے۔ آزادی میں اردو صحافت کے رول کو بھی جانتے ہیں۔ بال ٹھاکرے اپنے اخبار پر اردو کا مصرعہ ’’جب توپ مقابل ہو تو اخبار نکالو‘‘ لکھا کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف ذریعوں سے اردو کی الفاظ کو پسند کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ستیش جیکب نے کہا کہ اردو محبت کی زبان ہے۔ اردو صحافت نے ملک کو جوڑنے کا کام کیا ہے۔ ممتاز صحافی عزیز برنی نے اتنی بڑی

کانفرنس کے انعقاد پر پروفیسر احتشام احمد اور ان کے رفقاء کی ستائش کی۔ انہوں نے صحافت کی نامور ہستیوں کو مدعو کرنے پر اسے سمندر کو کوزے میں بند کرنے کے مترادف قرار دیا۔ انہوں نے سہرت رائے سہارا کو روزنامہ راشٹریہ سہارا اور ای ٹی وی جیسے چینل کے قیام کے لیے راموجی راؤ کا ذکر کیا اور ان کی صحافتی خدمات کی ستائش کی۔ انہوں نے عوامی نیوز اور مارننگ نیوز کا بھی ذکر کیا۔ عامر علی خان، نیجنگ ایڈیٹر سیاست نے کہا کہ اردو صحافت کو حالات سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ آج کل سرکاری اشتہارات کے باعث صحافیوں کو آزادی سے کام کرنا مشکل ہوگیا ہے۔ دیگر زبانوں کے بہترین صحافیوں کو جو مسائل کی نشاندہی کرنے والے تھے کو نوکریاں چھوڑنے پر مجبور کیا گیا۔ جبکہ اردو میڈیا اس سے مبرّیٰ اور آزادی سے کام کرنے والا رہا ہے۔ کیوں کہ ویسے بھی اردو اخبارات وغیرہ کو سرکاری اشتہارات نہیں ملتے اور ان کے ایڈیٹر عام طور پر مالکان ہی ہوتے ہیں۔ قربان علی نے کہا کہ اردو صحافت کے 200 سال میں 125 سال نہایت تابناک رہے۔ اس دوران اس نے ملک کی آزادی میں نہایت اہم رول ادا کیا۔ لیکن آزادی کے بعد اسے پاکستان میں سرکاری زبان بنادیا گیا جبکہ وہاں پر بہت کم لوگ اس سے واقف تھے اور یہاں پر اسے نظر انداز کردیا گیا۔ ممتاز اینکر امتیاز خلیل نے کہا کہ اردو صحافت کو سرکاری طور پر فائدہ حاصل نہیں ہوا لیکن یہ ہندوستان میں آزادی کے ذریعہ اپنی سرکار کے قیام میں معاون رہی۔ آزادی کے بعد اسے نظر انداز کردیا گیا۔ لیکن اردو صحافت نے باوجود مسائل کے مسلمانوں کے آنسو پونچھنے کا کام کیا۔ ڈاکٹر آنند راج ورما نے کہا کہ اردو ان کی محسن زبان ہے۔ انہوں نے اردو صحافیوں کو انگریزی اور ریاستی زبانیں سیکھنے کا مشورہ دیا۔ جناب جامع حبیب نے کہا کہ اردو صحافت میں عموی طور پر مسلمانوں کی صحافت نظر آتی ہے۔ ہمیں دیگر مسائل جیسے معاشی، سماجی، دلتوں کے مسائل پر بھی توجہ دینی چاہیے تاکہ ہمارا موضوعات وسیع ہوں اور قارئین و ناظرین کی تعداد میں اضافہ ہو۔ پروفیسر اشتیاق احمد، رجسٹرار نے شکریہ ادا کیا۔ پروفیسر محمد فریاد، صدر شعبۂ ایم سی جے نے کارروائی چلائی۔ کانفرنس کے دوران دو ڈرامے پیش کیے گئے۔

Urdu Action, Bhopal, 16-11-2022

سماج کے تئیں اپنی خدمات کیلئے صحافی انتہائی قابل احترام: پروفیسر عین الحسن

مانو میں صحافت کے دو سو سالہ جشن ”کاروان اُردو صحافت“ کا بین الاقوامی کانفرنس کے ساتھ اختتام

سماج کے تئیں اپنی خدمات کے لیے صحافی انتہائی قابل احترام

Leave A Comment   زین نیوز   15/11/2022

مانو میں صحافت کے دو سو سالہ جشن "کاروان اردو صحافت" کا بین الاقوامی کانفرنس کے ساتھ اختتام

حیدرآباد:۔15نومبر

(پریس نوٹ)

سماج کے تئیں اپنی خدمات کے لیے صحافی انتہائی احترام کے حقدار ہیں۔ پیشہ صحافت نہایت ہی پر خطر ہے۔ عمومی طور پر لوگ صحافیوں پر تنقید کردیتے ہیں ۔ لیکن انہیں فسادات اور سخت ترین حالات میں بھی اپنی ذمہ داری نبھانی پڑتی ہے۔ طلبہ کو فیلڈ رپورٹنگ سے روشناس کرانے کی ضرورت ہے۔

ان خیالات کا اظہار پروفیسر سید عین الحسن، وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی نے آج شعبہ ترسیل عامہ و صحافت کے زیر اہتمام سہ روزہ بین الاقوامی کانفرنس "اردو میڈیا: ماضی، حال اور مستقبل" کے اختتامی اجلاس میں کیا۔ اس کانفرنس کا بنیادی مقصد اردو صحافت کے 200 سالہ جشن "کاروانِ اردو صحافت" کو یادگار بنانا ہے۔

پروفیسر احتشام احمد خان، ڈین اسکول برائے ترسیل عامہ و صحافت نے کانفرنس پر رپورٹ پیش کی۔ مہمانِ خصوصی پروفیسر شافع قدوائی نے کانفرنس میں پیش کیے گئے مقالوں کا ذکر کیا۔

انہوں نے کہاکہ خواتین کی نمائندگی بھی مناسب تھی۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی کانفرنسوں میں عمومی طور پر صحافت کے شاندار ماضی کا ذکر ہوتا ہے لیکن یہاں صحافت کے لوازمات پر بھی توجہ دلائی گئی۔

جناب شمیم طارق نے کہا کہ اردو محض عاشقانہ ہی نہیں بلکہ انقلاب کی زبان بھی ہے۔ آزادی میں اردو صحافت کے رول کو سبھی جانتے ہیں۔

The INS News

3-day conference on bicentenary celebrations of Urdu Journalism concludes at MANUU

Tameel-i-Irshad Awarded For Incredible Contribution In Urdu Journalism in J&K

by INS Desk November 15, 2022 A A

Hyderabad, Nov 15: The 3-day International Conference regarding bicentenary celebrations of Urdu journalism concluded at the Maulana Azad National Urdu University (MANUU) here on Tuesday.

Several senior journalists and intellectuals including university professors addressed the closing ceremony. Very useful information and suggestions were obtained during the conference which culminated with conferring awards to media organizations and journalists for outstanding and valuable journalistic services.

MANUU Vice Chancellor Prof Syed Ainul Hasan thanked all the delegates. He said that Urdu journalism is one of the best in the subcontinent. "The future of Urdu journalism is very bright," he said, adding, "The only requirement is that this language should be adapted to the requirements of the present time." He also advocated the full use of digital platforms for promoting the "beautiful language."

He also thanked all the journalists and proprietors of media organizations who participated in the conference from across the country. He also expressed optimism of holding such conferences in the future.

Prof. Ehtesham Ahmad Khan, Dean School of Journalism & Mass Communication MANUU, thanked all the delegates and experts.

He said that it was a "historic conference" and a lot has been achieved. He announced that a plan will be drawn up for the promotion of Urdu journalism in the light of the views expressed by the experts and senior journalists here

"The university also plans to organize such international conferences in those regions which are known for Hindi language."

He said that languages do not belong to any particular religion or region. "Everyone has to work together to promote it". He said that Urdu is the historical language of India and it is used by every class of India.

The editor-in-chief of the well-known newspaper of South India, daily Siasat, also expressed his views regarding the promotion of Urdu journalism and the problems and future of Urdu media.

He said that "inclusive efforts" are needed to get support from the government for

the promotion of the Urdu.
Most speakers said that the past of Urdu is inspiring, the present is "okay" and the future is bright.
Some renowned journalists and parliamentarians said a language cannot be regulated.
Society itself adapts to various languages, the speakers underlined. The future of Urdu journalism, most speakers underlined, is in digital media as the media is independent of the script.
Finally, an award ceremony was held in which several top journalists and media organizations were honored for their best efforts and role. Tameel-i-Irshad was honored for playing a significant role in promotion of journalism, especially for keeping the newspaper publication alive during the floods of 2014.
It was informed on this occasion that the daily Tameel-i-Irshad has achieved a prominent position in Urdu journalism in Jammu and Kashmir for more than three decades and this daily has access to the cities and remote villages being widely accepted by the public. During the floods of 2014, when Kashmir was completely under the flood, daily Tameel-i-Irshad kept Urdu journalism alive in Jammu and Kashmir and did not allow the publication of the newspaper to stop. On behalf of the newspaper, editor Raja Mohiuddin received the award.